ایبٹ لیبارٹریز (پاکستان) لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ ایبٹ لیبارٹریز پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا 77واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات 30 اپریل 2026 کو صبح 11:00 بجے بال روم C، موون پک ہوٹل، کلب روڈ، سول لائنز، کراچی اور بذریعہ عملی طور پر ویڈیو لنک درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہو گا۔

عام کارروائی

1- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ برائے سال مختتمہ مدت 31 دسمبر 2025 کی وصولی، غور و خوص اور منظوری۔
کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور ایس آر او 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ 2023 کے تحت، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دیے گئے ہیں، جو درج ذیل ویب لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں:

سالانہ رپورٹ 2025

https://www.pk.abbott/investor/investor-information.html

2- مالی سال مختتمہ 31 دسمبر 2025ء کے لیے فی حصص 40 روپے (یعنی 400%) نقد ڈیویڈنڈ کی منظوری دینا۔

3- اگلے سالانہ اجلاس عام تک میعاد کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ڈائریکٹرز کو ان کے معاوضہ کے تعین کے لئے مجاز بنانا۔ موجودہ آڈیٹر EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو اہل ہیں نے خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

4- بورڈ کی جانب سے 16 مارچ 2026 کو منعقدہ اجلاس میں مقرر کردہ تعداد کے مطابق سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا، جن کی مدتِ کار 28 مئی 2026 سے شروع ہو کر تین سال پر مشتمل ہو گی۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

سید انیس احمد	جناب محسن علی ناتھانی	جناب برائن ولیم جارڈن
محترمہ سیما خان	جناب سیلیسٹینو جیسنٹو ڈوس ڈینجوس	
جناب احسان علی ملک	محترمہ ایلا مجید	

خصوصی کارروائی

5- کمپنی کے مستقل ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو اس بات کی اجازت دینا کہ وہ کمپنی کے ایگزیکٹو عہدے داروں کی حیثیت سے اپنے متعلقہ منافع بخش عہدوں پر فائز رہیں۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز
محمد اسامہ جمیل
کمپنی سیکریٹری

کراچی: مورخہ 07 اپریل 2026ء

نوٹس:

1- کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بک 23 اپریل 2026 سے 30 اپریل 2026 تک (دونوں دن شامل) بند رہے گی اور منافع ان ممبران کو ادا کیا جائے گا جن کے نام 22 اپریل 2026 کو رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے۔ ممبران (نان-سی ڈی سی) سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر کمپنی کے رجسٹرار کو دیں اور اگر ان پر لاگو ہو تو زکوۃ کٹوتی سے استثنیٰ کا فارم CZ-50 کمپنی کے رجسٹرار، مسٹرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شارع فیصل، کراچی میں جمع کروائیں۔ ٹیلی فون نمبر: 0092-21-34380101-5 اور 0092-21-34384621-3، ای میل: info.shares@famcosrs.com۔ تمام ممبران جو سی ڈی سی کے ذریعے شیئرز برقرار رکھتے ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتے اور زکوۃ کی نوعیت اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپڈیٹ کرلیں۔

2- کمپنی کا وہ ممبر جو اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو وہ اپنی طرف سے اپنی جگہ پر حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائے۔ اس مدت کا تخمینہ لگانے میں ایسا کوئی بھی یوم نہیں لیا جائے گا جو دفتری یوم نہ ہو۔ ایک پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی اپنی شناخت اور / یا تصدیق کے لئے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ کی تفصیلات پیش کرے گا / کرے گی۔

3- پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے، کمپنی کی ویب سائٹ (www.pk.abbott)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ویب سائٹ میں بھی موجود ہے اور تمام شیئر ہولڈرز کو ای میل بھی کیا جائے گا، جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریس کمپنی کو فراہم کئے ہیں۔

4- حصص یافتگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے متعلق فوری طور پر کمپنی کو مطلع کر دیں۔

5- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں بیان کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہو گا۔

6- اجلاس کے دوران کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

7- اجلاس میں شرکت کے لئے

(i) انفرادی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار / اور یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے پیش کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی جمع نامزد شخص کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں)۔

(iii) اگر کوئی ممبر وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتا ہے تو کمپنی نے ممبران کے لئے وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لئے مناسب انتظامات کر رکھے ہیں۔ ممبران کو چاہئے کہ وہ اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس اور اپنے نام پر حصص کی تعداد کو درج ذیل ایڈریس پر ای میل کر دیں: pk.shareholderquery@abbott.com۔ ممبران / پراکسی کو درج کوائف کی فراہمی کے بعد وڈیو لنک لاگ ان کے لئے تفصیلات وصول ہو جائیں گی۔

8- پراکسی کی تقرری کے لئے

(i) انفرادی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار / اور یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں وہ درج بالا ضرورت کے تحت اپنا پراکسی فارم پیش کریں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر 2 گواہوں کے دستخط ہوں گے جن کے نام، ایڈریس اور CNIC نمبر فارم میں درج کئے جائیں گے۔

(iii) انتفاعی مالکان اور پراسی کی CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کی جائیں گی۔

(iv) اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ پیش کرے گا / کرے گی۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی جمع نامزد شخص کے نمونہ دستخط اجلاس میں شرکت کے وقت پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں)۔

9- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس

(i) فنانس ایکٹ 2019 کی شقیں جو کہ یکم جولائی 2019 سے نافذ العمل ہیں کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح میں ترمیم کر دی گئی ہے جو کہ درج ذیل ہے:
1- فعال ٹیکس دہندگان کے لئے ٹیکس کٹوتی کا نرخ 15 فیصد ہے۔
2- غیر فعال ٹیکس دہندگان کے لئے ٹیکس کٹوتی کا نرخ 30 فیصد ہے۔
حصص یافتگان جو کہ فائلر ہیں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت ان کا نام FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب فعال ٹیکس دہندگان کی حالیہ فہرست (ATL) میں موجود ہو بصورت دیگر ان کو نان فائلر سمجھتے ہوئے منافع منقسمہ سے 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کٹوتی کی جائے گی۔

(ii) FBR سرکلرز C. No.1 (29) WHT/2006 مورخہ 30 جون 2010 اور C. No.1 (43) DG (WHT)/2008-Vol. II66417-R مورخہ 12 مئی 2015، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے ود ہولڈنگ ٹیکس U/S 150 (ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کے لیے استثنیٰ کا درست سرٹیفکیٹ لازمی ہے جہاں سیکنڈ شیڈول کے حصہ IV کی دوسری شق 47B کے تحت آئینی استثنیٰ دستیاب ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جو ادپر کی شق میں بیان کردہ زمرہ میں آتے ہیں اور آرڈیننس کے U/S 150 سے استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں بک بند ہونے سے پہلے ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ٹیکس چھوٹ کا درست سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ہو گا بصورت دیگر قابل اطلاق شرح کے مطابق ڈیویڈنڈ پر ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

(iii) مزید برآں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی وضاحت کے مطابق مشترکہ کھاتوں کی صورت میں بنیادی حصص یافتہ کے ساتھ ساتھ مشترکہ کھاتے داروں کی فائلر / نان فائلر حیثیت کا تعین علیحدہ علیحدہ ان کی حصص داری کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ وہ تمام حصص یافتگان جن کے حصص مشترکہ طور پر ہیں سے اس سلسلے میں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتہ کی حصص داری کے تناسب کو ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر درج ذیل انداز **(اگر تاحال فراہم نہ کیے ہوں)** میں فراہم کر دیں۔

کمپنی کا نام	فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈر	
			نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

مطلوبہ معلومات شیئر رجسٹرار کو مذکورہ نوٹس کے 10 دن کے اندر لازمی فراہم کر دی جائیں بصورت دیگر بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتگان کے حصص کو مساوی تصور کر لیا جائے گا۔

(iv) سرمایہ کار کسی استفسار / مسئلہ / معلومات کے لئے کمپنی اور / یا شیئر رجسٹرار فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر 5-021-34380101 اور ای میل ایڈریس info.shares@famcosrs.com.pk پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

(v) سی ڈی سی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ساتھ اپڈیٹ کروائیں، جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی یا فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کر دیں۔ شیئر ہولڈرز کو NTN یا NTN سرٹیفکیٹ (جو بھی صورت ہو) ارسال کرتے وقت لازمی طور پر کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر درج کرنا ہو گا۔

10- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور نوٹسز کی برقی ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنیز کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اپنے ممبران کو CD/DVD/USB کی صورت میں ترسیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ ایسے ممبران جو مالیاتی گوشوارے کی نقل فزیکل صورت میں وصول کرنا چاہتے ہیں وہ تحریری درخواست pk.shareholderquery@abbott.com پر ارسال کریں اور جو ممبران مالیاتی گوشوارے سافٹ کاپی کی صورت میں حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنے ای میل ایڈریس کے ذریعے pk.shareholderquery@abbott.com پر تحریری درخواست دیں تاکہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹس بذریعہ ای میل فراہم کر دیئے جائیں۔ اس سہولت سے استفادے کے لئے معیاری درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pk.abbott پر دستیاب ہے۔ متبادل کے طور پر سالانہ رپورٹ https://www.pk.abbott/investor/investor-information.html سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔

11- نقد منافع منقسمہ کی برقی طریقے سے ادائیگی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) پہلے ہی اپنے لیٹر No: 8(4)SM/CDC/2008 مورخہ 5 اپریل 2013 کے ذریعے اس ڈیویڈنڈ نظام کا آغاز کر چکا ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت بھی کوئی واجب الادا نقد منافع صرف برقی طریقہ کار کے ذریعے اہل حصص یافتہ کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جاسکتا ہے۔ لہذا کمپنی منافع منقسمہ کی رقم اپنے حصص یافتگان کو صرف برقی طریقے سے ادا کر سکے گی۔ مزید برآں حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ برقی طریقہ سے منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے اپنے بینک مینڈیٹ کو درج ذیل تفصیلات فراہم کر دیں:

(i) ٹائٹل آف اکاؤنٹ (ii) اکاؤنٹ نمبر IBAN
(iii) بینک کا نام (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور ایڈریس جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کر دیں۔

12- جو کوئی بھی شخص ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، وہ مذکورہ بالا اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں **(بذریعہ کمپنی سیکریٹری)** کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے اپنی امیدواری پیش کرنے کی نیت تحریری طور پر جمع کروائے گا، اور اس کے ساتھ: (الف) ایکٹ کے تحت مقررہ فارم 9 پر اپنی رضامندی، اور (ب) کوڈ آف کارپوریٹ گورننس ریگولیشنز 2019 کے ریگولیشن 3 کے تحت ایک اعلامیہ جمع کروائے گا جس میں اس امر کی تصدیق کی گئی ہو کہ: وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا / رہی؛ اس کا نام نیشنل ٹیکس پیئرز رجسٹر میں درج ہے (ماسوائے اس صورت کے کہ وہ غیر مقیم ہو)؛ اسے کسی مجاز عدالت کی جانب سے کسی بینکنگ کمپنی، ڈیولپمنٹ فنانشل انسٹیٹیوشن یا نان بینکنگ فنانشل انسٹیٹیوشن کے کسی قرض کی عدم ادائیگی کے سبب نادہندہ قرار نہیں دیا گیا؛ اور وہ بصورت دیگر کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 159(3) کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کے لیے نااہل نہیں ہے۔ مزید برآں، آزاد ڈائریکٹرز کو یہ تصدیقی اعلامیہ بھی جمع کروانا ہو گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 166 کے تحت آزادی کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ یہ اعلامیہ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے بعد بورڈ کے پہلے اجلاس میں چیئرمین بورڈ کو جمع کروایا جائے گا۔

13- آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اور تقرری ایکٹ کی دفعہ 159 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی دفعات کے مطابق عمل میں لائی جائے گی۔ انتخاب میں حصہ لینے کے لیے نوٹس / ارادہ جمع کروائے جانے کے بعد کمپنی درج ذیل معیار کو بروئے کار لاتے ہوئے آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کرے گی:
• انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کی متعلقہ صلاحیتوں، تنوع، مہارتوں، علم اور تجربے کا جائزہ لیا جائے گا؛
• آزاد ڈائریکٹرز کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیر انتظام ڈیٹا بینک میں درج ہونے چاہئیں جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے باقاعدہ مجاز ہے، الا یہ کہ اس سے استثنیٰ حاصل ہو۔ نیز ڈیٹا بینک سے کسی شخص کے انتخاب سے قبل مناسب جانچ پڑتال کی جائے گی۔

14- کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، اراکین کو اپنے ووٹ کے حق کے استعمال کی اجازت ہو گی بذریعہ پوسٹل بیلٹ، یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے، جیسا کہ مذکورہ ریگولیشنز میں دیے گئے تقاضوں اور طریقہ کار کے مطابق ہے۔ کمپنی نے سالانہ عام اجلاس کا نوٹس، پراکسی فارم اور پوسٹل بیلٹ پیپر اپنی ویب سائٹ پر مہیا کر دیا ہے: https://www.pk.abbott/

15- اراکین کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں ایس آر او 2192(I)/2022 مورخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے کی گئی ترامیم کے مطابق، جو کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کی گئی ہیں، تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اراکین کو تمام خصوصی کاروبار کے معاملات پر ای ووٹنگ اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کی سہولت فراہم کریں۔ چنانچہ کمپنی کے اراکین کو آئندہ سالانہ عام اجلاس، جو 30 اپریل 2026 کو صبح 11:00 بجے منعقد ہو گا، میں خصوصی کاروبار اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ای ووٹنگ یا بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہو گی، جیسا کہ مذکورہ ریگولیشنز میں دی گئی شرائط و ضوابط کے مطابق ہے۔ کمپنی نے اجلاسِ عام سالانہ (AGM) کا نوٹس، پراکسی فارم اور پوسٹل بیلٹ پیپر اپنی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیا ہے: https://www.pk.abbott/

ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

a) ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے درست شناختی کارڈ نمبر (CNIC)، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبرز کے رجسٹر میں 22 اپریل 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موجود ہوں گے۔

b) ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات اور پاس ورڈ اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے، جبکہ سیکیورٹی کوڈز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل کے ذریعے ایس ایم ایس کے ذریعہ ارسال کیے جائیں گے۔

c) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

d) ای ووٹنگ کی سہولت جمعرات، 23 اپریل 2026 کو شام 05:00 بجے شروع ہو گی اور بدھ، 29 اپریل 2026 کو شام 05:00 بجے بند ہو جائے گی۔ اس دوران اراکین کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک بار کسی قرارداد پر ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جاسکے گا۔

پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر بمعہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی بذریعہ ڈاک چیئرمین اجلاس کو کمپنی کے کارپوریٹ پتے، 11 ویں اور 12 ویں منزل، اوشن ٹاور، جی-3، بلاک-9، مین کلفٹن روڈ، کراچی 75600، پی او باکس 13841، کراچی یا ای میل pk.shareholderquery@abbott.com پر سالانہ عام اجلاس سے ایک دن قبل یعنی 29 اپریل 2026 شام 05:00 بجے تک موصول ہو جانا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر دستخط شناختی کارڈ پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔ اراکین کی سہولت کے لیے بیلٹ پیپر اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے اور کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pk.abbott/ پر ڈاؤن لوڈ کے لیے بھی دستیاب ہے۔

اسکروٹینیئر کی تقرری:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (بترامیم) کے ریگولیشن 11 کے مطابق، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز BDO ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (QCR ریٹڈ آڈٹ فرم) کو کمپنی کا اسکروٹینیئر مقرر کیا ہے تاکہ اجلاس میں زیر غور خصوصی کاروبار، ڈائریکٹرز کے انتخاب (اگر ضروری ہو) اور ریگولیشن 11A کے تحت متعین دیگر ذمہ داریوں کو انجام دیا جاسکے۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت اہم حقائق کا بیانیہ

جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 171(1)(c)(i) کے تحت لازم ہے، جنرل میٹنگ میں اراکین کو ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کو دفترِ منفعت رکھنے کی اجازت دینا ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے کہ درج ذیل قرارداد پر غور کیا جائے اور اسے ایک عام قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے:

فیصلہ کیا گیا کہ کمپنی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول متبادل ڈائریکٹرز) کو اس امر کی اجازت دی جاتی ہے اور اس کے ذریعے مجاز قرار دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی میں اپنی متعلقہ سروس کنٹریکٹس کے تحت بطور ایگزیکٹو اپنے دفترِ منفعت برقرار رکھ سکیں، اور انہیں اپنی متعلقہ سروس کنٹریکٹس اور کمپنی کے قابلِ اطلاق سروس قواعد کے تحت حاصل ہونے والے تمام فوائد کی اجازت ہو گی۔

مزید یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر مذکورہ بالا دفاترِ منفعت میں سے کوئی عہدہ خالی ہو جائے تو اس قرارداد کے تحت دی گئی منظوری اسی طرح اس شخص پر بھی لاگو ہو گی جسے اس خالی جگہ کو پُر کرنے کے لیے مقرر کیا جائے گا۔